**01.06.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے پولنگ جاری ہے۔ دوپہر ایک بجے تک 40 فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔

☆ اڈیشہ میں 42 اسمبلی حلقوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔

☆ اروناچل پردیش اور سکّم اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کل کی جائے گی۔

☆ تیل کی مارکیٹنگ کرنے والی کمپنیوں نے کمرشیل LPG سلینڈر کی قیمتوں میں 69 روپے 50 پیسے فی یونٹ، جبکہ جیٹ ایندھن کی قیمتوں میں ساڑھے 6 فیصد کی کمی کر دی ہے۔

☆ اور...... پاکستان سرکار نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں یہ بات تسلیم کی ہے کہ پاکستان کے قبضے والا کشمیر ایک غیر ملکی علاقہ ہے اور وہ اُس کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Election 7-PHase**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔ اس مرحلے کے تحت 7 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کے 57 لوک سبھا حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ اِن میں اترپردیش اور پنجاب میں 13-13 سیٹیں، مغربی بنگال میں 9، بہار میں 8، اڈیشہ میں 6، ہماچل پردیش میں 4، جھارکھنڈ میں 3 اور چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ شامل ہے۔ پولنگ صبح سات بجے شروع ہوئی، جو شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔

اس مرحلے میں کل 904 امیدوار چناؤ میدان میں ہے۔ سرکردہ امیدواروں میں وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی، پارٹی رہنما انوراگ ٹھاکر اور روی شنکر پرساد، کانگریس لیڈر منیش تیواری اور وکرم دتیہ سنگھ، آر جے ڈی رہنما میسا بھارتی اور ترنمول کانگریس لیڈر ابھیشیک بنرجی شامل ہیں۔ اِس مرحلے میں 10 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔ اڈیشہ کے بقیہ 42 اسمبلی حلقوں کیلئے بھی آج پولنگ ہورہی ہے۔

اس کے علاوہ ہماچل پردیش میں چھ حلقوں اور بہار، اترپردیش اور مغربی بنگال کی ایک ایک اسمبلی سیٹ کے لیے بھی ضمنی چناؤ ہورہے ہیں۔ آج انتخابات کے ساتویں مرحلے کے اختتام کے ساتھ ہی دنیا کا سب سے بڑا پولنگ کا عمل ختم ہوجائے گا۔

دوپہر ایک بجے تک 40 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔
ہماچل پردیش میں تقریباً 49 فیصد،
جھارکھنڈ میں تقریباً 47 فیصد،
مغربی بنگال میں 45 فیصد سے زیادہ،
چنڈی گڑھ میں 40 فیصد سے زیادہ،
اترپردیش میں 39 فیصد سے زیادہ،
پنجاب اور اڈیشہ میں تقریباً 38 فیصد،
اور بہار میں تقریباً 36 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔ x

## PM Lok Sabha

وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے میں ووٹ ڈالیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ آج 8 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک حلقے کی 57 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ انھوں نے ووٹروں سے کہا کہ بڑی تعداد میں پہنچ کر ووٹ ڈالیں۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ نوجوان اور خاتون ووٹرز ریکارڈ تعداد میں اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ وزیراعظم نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ بھارت کی جمہوریت کو مزید متحرک اور شراکت پر مبنی بنائیں۔x

## Assembly Counting

کل اروناچل پردیش اور سکم اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کے لیے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ دونوں اسمبلیوں کی میعاد کل ختم ہورہی ہے۔ اِن دونوں شمال مشرقی ریاستوں میں اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات 19 اپریل کو

ایک ساتھ ہوئے تھے۔ ووٹوں کی گنتی صبح 6 بجے شروع ہوگی۔ اروناچل پردیش میں اِس مقصد کے لیے 24 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ووٹوں کی گنتی کے عمل میں 2ہزار سے زیادہ چناؤ اہلکار حصہ لیں گے۔ اروناچل پردیش میں 60 اسمبلی حلقے ہیں، جن میں سے بی جے پی پہلے ہی 10 سیٹیں بلا مقابلہ جیت چکی ہے۔سکم میں ریاستی اسمبلی کے 32 ارکان کو منتخب کرنے کے لیے پولنگ ہوئی تھی۔ x

## IMD

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو دن میں ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی علاقوں میں جاری شدید گرمی کے حالات میں بتدریج کمی آئے گی۔محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ ہریانہ، دلّی، پنجاب، راجستھان، اترپردیش، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ کے کچھ حصوں میں آج عام گرمی کی لہر سے شدید گرمی کی لہر کے حالات جاری رہیں گے۔ یہی صورتحال آج مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اتراکھنڈ اور آندھرا پردیش میں بھی رہے گی۔ موسمیات کے محکمے نے مزید پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو سے تین روز کے دوران ملک کے شمال مغربی اور وسطی علاقوں کے درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کا امکان ہے، جبکہ ملک کے مشرقی علاقوں کے درجۂ حرارت میں اگلے دو روز کے دوران 3 سے 4 ڈگری سیلسیس کی کمی واقع ہوگی۔

موسمیات محکمے نے شمال مشرقی بھارت اور مغربی بنگال کے علاقوں میں اگلے چھ روز کے دوران ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں بھی اگلے چار روز تک، جبکہ جنوبی بھارت میں کیرالہ، لکشدیپ، کرناٹک اور انڈمان و نکوبار جزائر کے علاقوں میں اگلے چھ روز کے دوران اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ موسمیات محکمے نے کہا کہ شمالی بھارت میں جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے علاقوں میں اگلے پانچ روز کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔x

## Rev. Kerala Rain

کیرالہ کے شمالی علاقوں میں کل شام سے شدید بارش ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے کئی مقامات پر معمول کی زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ موسمیات محکمے نے شدید بارش کے امکان کے پیش نظر Idukki، Thrissur، Palakkad، Malappuram، کوزی کوڈ اور Wayanad ضلعوں میں اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔تھرووننت پورم اور Kollam کے علاوہ باقی دیگر ضلعوں میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کے نشیبی علاقوں میں بہت زیادہ پانی بھر گیا ہے۔ Idukki ضلع میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات کی بھی خبر ہے تاہم کسی طرح کے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔تھریسور ضلع میں کچھ نشیبی علاقوں میں سیلاب آگیا ہے۔ تھرو ونت پورم میں سنکھومُکھم میں

ایک ماہی گیر، کشتی پلٹنے کے بعد سے لاپتہ ہے۔

حکام نے عوام کو خبردار کیا ہے کہ وہ اگلے کچھ گھنٹے کے دوران شدید بارش کے امکان کے پیش نظر محتاط رہیں۔ جنوبی کیرالہ اور لکشدیپ کے ساحلی علاقوں میں کل تک مچھلی پکڑنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ x

**Pune-Arrest**

پونے پولیس نے کلیانی نگر کے کارحادثہ معاملے میں نابالغ کی ماں شیوانی اگروال کو گرفتار کرلیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ نابالغ کے خون کے نمونے بدل دیے گئے تھے اور شیوانی اگروال پر الزام ہے کہ اس نے اس کے لیے ڈاکٹروں کو رقم دی تھی۔ انہیں آج عدالت میں پیش کیاجائے گا۔ اس معاملے میں کرائم برانچ نے پونے کی فورنسک لیباریٹری میں کام کرنے والی 2 خاتون نرسوں سے پوچھ تاچھ کی ہے۔ یہ پتہ چلا ہے کہ ڈاکٹر اجے Tavare، ڈاکٹر شری ہری Halnor اور Attendant اتلGhatkamble نے نابالغ کے خون کے نمونے بدلنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔x

**LPG-Price Drop**

تیل کمپنیوں نے کمرشیل ایل پی جی گیس سلنڈرس کی قیمت فی سلنڈر 69 روپے 50 پیسے کم کردی ہے۔ انڈین آئل کارپوریشن لمیٹیڈ نے اعلان کیا ہے کہ دلی میں کمرشیل ایل پی جی گیس سلنڈرس کی خردہ قیمت اب ایک ہزار 676 روپے ہوگی۔ کولکاتا میں کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 72روپے کی کمی کی گئی ہے، جبکہ ممبئی میں 69 روپے 50پیسے اور چنئی میں 70 روپے 50 پیسے کی کمی کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ Aviation Turbine Fuel (ATF) کی قیمتوں میں بھی جسے عام طور پر جیٹ ایندھن کے نام سے جانا جاتا ہے، ساڑھے 6 فیصد کی کمی کردی گئی ہے۔ x

**Pakistan POK**

پاکستان نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں تسلیم کیا ہے کہ پاکستان کے قبضہ والا کشمیر، POK ایک غیرملکی علاقہ ہے۔ پاکستان کے ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت میں کہا کہ کشمیری شاعر اور صحافی احمد فرہاد شاہ POK میں پولیس کی تحویل میں ہیں اور انھیں اسلام آباد ہائی کورٹ میں پیش نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ POK ایک غیرملکی سرزمین ہے، جو پاکستان کے دائرۂ اختیار میں نہیں آتی ہے۔ عدالت، پاکستان کی خفیہ ایجنسیوں کے ذریعے راولپنڈی میں فرہاد شاہ کی رہائش گاہ سے انھیں اغوا کیے جانے کے بعد ان کی اہلیہ کی داخل کردہ عرضی پر سماعت کر رہی تھی۔ شاہ دو ہفتے سے لاپتہ ہیں اور حال ہی میں یہ پتہ چلا ہے کہ POK میں پولیس نے ان کے خلاف دو معاملات درج کیے ہیں۔

اسلام آباد ہائی کورٹ نے پوچھا کہ اگر POK ایک غیر ملکی علاقہ ہے اور یہ پاکستان کا اٹوٹ حصہ نہیں ہے تو کیسے پاکستانی فوج اور پاکستانی رینجرس اِس سرزمین میں داخل ہوتے ہیں۔ سماعت کے دوران ہائی کورٹ کے جج محسن اختر Kayani نے لوگوں کو جبراً اغوا کئے جانے کا سلسلہ جاری رکھنے پر پاکستان کی انٹلی جنس ایجنسیوں کی نکتہ چینی کی۔x

**Samoa Independence Day**

بھارت نے آج Samoa کو اس کی آزادی کی 62ویں سالگرہ پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے Samoa کی سرکار اور اس کے عوام کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے گزشتہ برسوں میں خاص طور سے تعلیم، معیشت، ثقافت اور سائنس وٹکنالوجی کے شعبے میں دونوں ملکوں کے درمیان کئے گئے اشتراک کے مختلف اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔x

**Puppeteer Passed Away**

اڑیشہ میں آج صبح پدم شری مگونی چرن کُنار کا کیونجھر میں واقع اُن کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ وہ 88 برس کے تھے اور کئی مہینوں سے علیل تھے۔ کُنار کو زوال پذیر راڈ کٹھ پتلی آرٹ کو زندہ رکھنے اور روایتی راڈ کٹھ پتلی رقص کو فروغ دینے کیلئے آرٹ کے میدان میں اُن کی تاحیات خدمات کے عوض پچھلے سال صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پدم شری ایوارڈ سے نوازا تھا۔x

☆☆☆☆